سب سے عالیشان وہ دربار ہے جو رات کے وقت لگتا ہے اسے تہجد کا دربار کہا جاتا ہے۔

(خطبہ جمعہ فرمودہ ۲۷ / اپریل ۱۹۹۰ء بمقام بیت الفضل لندن)

تشہد اور تعوذ اور سورۂ فاتحہ کی تلاوت کے بعد حضور انور نے فرمایا:

وہ ایک مہینہ رمضان کا جو ابھی گزرا ہے وہ یوں معلوم ہوتا ہے جیسے خدا تعالیٰ ہر سال ایک مہینے کے لئے ایک دربار لگاتا ہے اور بادشاہوں کا بھی یہی طریق ہے کہ وہ کبھی کبھی کچھ دن دربار لگانے کے لئے مخصوص کر لیا کرتے ہیں۔ وہ لوگ جن کی عام طور پر رسائی نہ ہو وہ دربار میں حاضر ہو کر اپنی مناجات پیش کرتے ہیں اپنی حاجات پیش کرتے ہیں اور اس طرح ان کی اس دربار تک ایسے رسائی ہوتی ہے کہ بالعموم خالی ہاتھ نہیں لوٹتے۔ تو اللہ تعالیٰ کی بھی ایک شان ہے کہ اس نے کئی قسم کے اپنے دربار جاری فرمائے ہوئے ہیں۔ ایک مہینے کا یہ خصوصی دربار تو اب ختم ہوا لیکن آپ کو یاد رکھنا چاہئے کہ خدا کے ہاں صرف یہ ایک مہینہ ہی دربار لگانے کا نہیں۔ ایک پانچ وقت کا روزانہ کا دربار بھی تو لگتا ہے۔ وہ لوگ جو یہ احساس کرتے ہیں کہ رمضان اپنی برکتیں لے کر چلا گیا۔ میں ان کو یاد کراتا ہوں کہ وہ لوگ جو پنج وقتہ درباروں کی حاضری دینے والے ہیں ان سے رمضان کبھی برکتیں لے کر نہیں جایا کرتا۔ برکتیں چھوڑ کر جایا کرتا ہے اور ہر دربار میں ان برکتوں کا اعادہ ہوا کرتا ہے۔

پھر اسی طرح ہفت روزہ دربار بھی تو لگتا ہے اور سب سے عالیشان وہ دربار ہے جو محرم راز لوگوں کا دربار ہے جو رات کے وقت لگتا ہے اسے تہجد کا دربار کہا جاتا ہے۔ جس میں وہ لوگ جو دنیا کی

نظر سے الگ ہو کر چھپ کر خدا سے ملنا چاہتے ہیں وہ اٹھ کر خدا کے حضور حاضری دیتے ہیں اور آنحضرت ﷺ نے ہمیں مطلع فرمایا ہے کہ اس وقت کثرت سے فرشتوں کا نزول ہوتا ہے اور خدا تعالیٰ سے بندوں کا تعلق قائم کرنے کے لئے ایک خاص نظام جاری رہتا ہے۔ وہی نظام ہے جو لیلۃ القدر کی صورت میں ایک غیر معمولی شان کے ساتھ رمضان کے مہینے میں بھی دوبارہ لگتا ہے لیکن وہ عام نظام دربار خاص کا جو خاص بندوں کے لئے علیحدہ ملاقاتوں کے لئے لگایا جاتا ہے اس کی ایک اپنی شان ہے۔ میرا تجربہ ہے کثرت سے ملاقاتوں کا موقع ملتا ہے ۔ بیسیوں ملکوں میں میں پھرا ہوں، بیسیوں بڑے بڑے ملکوں کی سینکڑوں جماعتوں سے ملاقاتیں ہوئیں لیکن کچھ لوگ پھر بھی تشنگی کا اظہار کرتے ہیں کہ علیحدہ ملاقات کا وقت دیں اور بعض دفعہ اتنا اصرار کرتے ہیں کہ وقت نہ ہوتے ہوئے بھی وقت نکالنا پڑتا ہے۔ اللہ کی عجیب شان ہے، روزانہ علیحدہ ملاقات کا وقت دیتا ہے، اور آدھی رات کے بعد سے یہ دربار لگ جاتا ہے کہ جس کو جو توفیق ہے وہ حاضر ہو جائے تو میں آپ کو یہ نصیحت کرتا ہوں کہ اگر رمضان کے دربار کو زندہ رکھنا ہے۔ اس سے فائدے جاری رکھنے ہیں تو ان درباروں میں حاضری دینا نہ چھوڑیں پھر دیکھیں کہ انشاء اللہ کوئی رمضان بھی آپ سے برکتیں لے کر نہیں جائے گا بلکہ ساری برکتیں آپ کی جھولی میں ڈالتا چلا جائے گا۔ اللہ تعالیٰ ہمیں اس کی توفیق عطا فرمائے۔ (آمین)